# سبق-19

4205CH19

# پہیلیاں


1

نیچے پٹکو اوپر جاتی     اوپر سے پھر نیچے آتی
اُونچی اُونچی کُود لگاتی     گول گول ہوں تم کو بھاتی



2

ایک پہیلی میں کہوں     تو سُن لے میرے پُوت
بِنا پروں کے اڑ گئی     باندھ گلے میں سُوت



© NCERT not to be republished

3

ایک تھال موتیوں سے بھرا　　سب کے سر پر اَوندھا دھرا
چاروں اُور وہ تھال پھرے　　موتی اس سے اک نہ گرے



4

اُس کے کان پہ میرا منھ　　میرے منھ پر اُس کا کان
پاس نہیں ہم دونوں پھر بھی　　باتیں کیں کیسے؟ پہچان



© NCERT not to be republished

5

پتّی پتّی اس کی ہری ہے　　پِس جائے تو لال پری ہے
پیاری پیاری اُس کی لالی　　اُس سے خوش ہر لڑکی بالی



© NCERT not to be republished

## مشق



اِن سوالوں کے جواب دیجیے۔

1. اِن پہیلیوں کے جواب دیجیے۔
2. آپ کو اِن پہیلیوں میں سے کون سی پہیلی زیادہ پسند ہے اور کیوں؟
3. اِن پہیلیوں کے علاوہ جو پہیلی یاد ہو اُسے سُنائیے۔
4. اپنی پسند کی دو پہیلیاں اپنی کاپی میں لکھیے۔



## نیچے دی ہوئی تصویروں کے نام لکھیے ۔

 = ______________

 = ______________

 = ______________

 = ______________

 = ______________

 = ______________

© NCERT not to be republished



حصّہ ’الف‘ اور ’ب‘ کے صحیح جوڑ ملائیے۔

| الف | ب |
|---|---|
| کان |  |
| منھ |  |
| منہدی کا درخت |  |
| پَر |  |
| موتی |  |
| پری |  |
| لڑکی |  |

© NCERT not to be republished

## نیچے دیے گئے چارٹ میں پہیلیوں کے نام تلاش کیجیے۔

منہدی

آسمان     گیند

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ن | و | ف | ی | ل | ے | ٹ | پ |
| م | ی | د | ہ | ن | م | ے | ت |
| ن | ا | م | س | آ | ف | و | ن |
| ے | ر | ا | ت | د | ن | ے | گ |

پتنگ     تارے

ٹیلی فون



## خوش خط لکھیے۔

نیچے

پہیلی

اَوندھا

پہچان

پتّی

© NCERT not to be republished

# دل چسپ مشغلہ

اس تصویر کے جن حصّوں میں نمبر 1 لکھا ہے اُن میں زرد، نمبر 2 والے حصّوں میں ہرا، نمبر 3 میں سُرخ، نمبر 4 میں نیلا اور نمبر 5 میں کالا رنگ بھریے۔ آپ کو ایک عجیب چیز نظر آئے گی۔ اس کا نام بتایئے۔



© NCERT not to be republished



# لوہے کا پرندہ

پھیلائے پَروں کو
دھرتی سے اُڑا ہے
کچھ دُور پہنچ کر
دھیرے سے مُڑا ہے
لوہے کا پرندہ

طے کرتا ہے پَل میں
پہروں کے سَفر کو
چھُو آتا ہے پُھر سے
ایک ایک نگر کو
لوہے کا پرندہ

چمکیلے پَروں سے
جب تَیرے ہَوا میں
اک راگ سا چھیڑے
خاموش فَضا میں
لوہے کا پرندہ

اُڑتا ہے تو پَنچھی
اُترے تو بَلا ہے
تم سوچ کے بچّو
بتلاؤ یہ کیا ہے؟
لوہے کا پرندہ

(قتیلؔ شفائی)

© NCERT not to be republished